| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 50 + 28 = 78 ]
Total No. of Questions : 50 + 28 = 78 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 16
[ Total No. of Printed Pages : 16

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**
**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : First Language — URDU

ದಿನಾಂಕ : 30. 03. 2009 ]
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ]
ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 125 ]

[ Date : 30. 03. 2009
[ Time : 10-30 A.M. to 1-30 P.M.
[ Max. Marks : 125

**FOR OFFICE USE ONLY**

**PART – A**

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | 10. | | 19. | | 28. | | 37. | | 46. | |
| 2. | | 11. | | 20. | | 29. | | 38. | | 47. | |
| 3. | | 12. | | 21. | | 30. | | 39. | | 48. | |
| 4. | | 13. | | 22. | | 31. | | 40. | | 49. | |
| 5. | | 14. | | 23. | | 32. | | 41. | | 50. | |
| 6. | | 15. | | 24. | | 33. | | 42. | | × | |
| 7. | | 16. | | 25. | | 34. | | 43. | | × | |
| 8. | | 17. | | 26. | | 35. | | 44. | | × | |
| 9. | | 18. | | 27. | | 36. | | 45. | | × | |
| | | | | | | | | | | Total Marks of Part – A | |

**PART – B**

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 51. | | 56. | | 61. | | 66. | | 71. | | 76. | |
| 52. | | 57. | | 62. | | 67. | | 72. | | 77. | |
| 53. | | 58. | | 63. | | 68. | | 73. | | 78. | |
| 54. | | 59. | | 64. | | 69. | | 74. | | × | |
| 55. | | 60. | | 65. | | 70. | | 75. | | × | |
| | | | | | | | | | | Total Marks of Part – B | |

| Total Marks in words | | Grand Total | |
|---|---|---|---|

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. ✓ | | ✓ | ✓ |
| 2. ✓ | | | |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* |

[ Turn over

عام ہدایات :

i) سوال۔مع۔جواب کتابچہ میں دو حصے ہیں، حصہ ۔ A اور حصہ ۔ B ۔

ii) حصہ ۔ A میں 50 سوالات ہیں اور حصہ ۔ B میں 28 سوالات ہیں ۔

iii) سوالوں کے جوابات کے لئے سوال ۔ مع ۔ جواب کتابچہ میں ہی جگہیں مہیا کی گئی ہیں ۔

iv) حصہ ۔ A میں دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کے نیچے مہیا کی گئی جگہہ میں صحیح جواب کو پورے طور پر لکھئے ۔

v) حصہ ۔ B کے ہر سوال کے لئے کافی جگہہ مہیا کی گئی ہے ۔ مہیا کی گئی جگہ میں سوالوں کے جوابات لکھئے ۔

## PART – A

ذیل کے ہر سوال / نامکمل بیان کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں ۔ مناسب ترین جواب کا انتخاب کیجئے اور اسے سوال کے نیچے مہیا کی گئی جگہہ میں لکھئے ۔

50 X 1 = 50

1- "حضور اکرمؐ کے اخلاق و عادات" سبق کس نے لکھی ؟

(A) سید محمد اشرف (B) سید سلیمان ندوی

(C) علی عباس حسینی (D) احمد جمال پاشاہ

جواب : ______

2- درج ذیل میں کونسی کتاب سید سلیمان ندوی نے لکھی ہے ؟

(A) حیاتِ سعدی (B) حیاتِ اکبر

(C) حیاتِ جاوید (D) حیاتِ شبلی

جواب : ______

3- ڈاکٹر عبدالکلام کا سنِ پیدائش بتائیے :

(A) 1941ء

(B) 1951ء

(C) 1931ء

(D) 1933ء

جواب : ______

4 - ڈاکٹر عبدالکلام کو کس اعزاز سے نوازا نہیں گیا ؟

(A) پدم بھوشن
(B) پدم وِبھوشن
(C) بھارت رتن
(D) کھیل رتن

جواب : ______

5 - کون شخص دلاور علی کے سامنے چور کی طرح بیٹھا ہوا تھا ؟

(A) مقبول میاں
(B) غلام رسول
(C) شیخ نجیب احمد
(D) سرفراز

جواب : ______

6 - شیخ نجیب احمد، بیوی کے پاس کھڑے اس لئے گرج رہے تھے کیونکہ

(A) سرفراز کو پولس نے پکڑ لیا تھا
(B) سرفراز کو دلاور نے چانٹا مارا تھا
(C) سرفراز گر پڑا تھا
(D) سرفراز نے نماز نہیں پڑھی تھی۔

جواب : ______

7 - قطب جنوبی مہم کے قائد کا نام کیا ہے ؟

(A) سید ظہور قاسم
(B) سید قاسم علی
(C) سید اظہار قاسم
(D) سید قاسم خان

جواب : ______

8 - قطب جنوبی مہم پر پہلی مرتبہ آنے کی مبارکباد کس 'ملک' کے باشندوں نے دی ؟

(A) امریکہ
(B) روس
(C) جاپان
(D) چین

جواب : ______

9 - چاند بی بی پر حملہ کرنے والے شخص کا نام کیا ہے ؟

(A) رضا محمد
(B) جیت خان
(C) شبیر علی
(D) مفتی

جواب : ______

10 - لفظ ڈراما ایک یونانی لفظ ہے، جس کے معنی ہیں

(A) ڈرا کر بھاگنا
(B) ڈر جانا
(C) دیکھنا اور سننا
(D) کر کے دکھانا

جواب : ______

11 - وہ صنفِ ادب بتائیے جس کو مسلمانوں کا خاص فن سمجھا جاتا ہے :

(A) تاریخ نویسی
(B) فنِ موسیقی
(C) خطوط نویسی
(D) مضمون نویسی

جواب : ______

12- "سلطنتِ خداداد" کس صدی کی تاریخ پیش کرتی ہے ؟

(A) بیسویں صدی (B) اکیس ویں صدی

(C) اٹھارہویں صدی (D) انیسویں صدی

جواب:

13- "مجھے کس پر چھوڑے جا رہے ہو؟" یہ جملہ کس نے کہا ؟

(A) دولھا بھائی (B) بیوی

(C) دادی جان (D) والدصاحب

جواب:

14- احمد جمال پاشاہ کے لکھے ہوئے سبق کا کیا نام ہے ؟

(A) شکر کا چکر (B) بلبلہ

(C) کمپیوٹر اور روزگار (D) فنِ تاریخ اور مورخینِ کرناٹک

جواب:

15- کس دہے میں کمپیوٹر کی ایجاد ہوئی ؟

(A) دو دہے پہلے (B) چھ دہے پہلے

(C) ایک صدی قبل (D) دس دہے پہلے

جواب:

16- کس سافٹ ویئر کو اردو سافٹ 'نہیں کہا جاتا ہے ؟

(A) کورل ڈرا (B) کاتب

(C) ان پیج (D) شاہکار

جواب:

17- جس نظم میں اللہ کے رسولؐ کی تعریف و توصیف بیان ہو، اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) منقبت (B) حمد

(C) نعت (D) قصیدہ

جواب:

18- وہ 'شمع' جس نے چالیس برس تک غاروں میں اُجالا کیا، کیا تھی ؟

(A) شمعِ وفا (B) شمعِ فروزاں

(C) شمعِ راہ (D) شمعِ رسالت

جواب:

19- انسان کو آرام اسی وقت میسر آتا ہے جب آدمی ..........

(A) برے کام کرتا ہے (B) دوسروں کو آرام دیتا ہے

(C) روپئے خرچ کرتا ہے (D) سالگرہ مناتا ہے

جواب:

20- کس شاعر کو شمس العلماء کے خطاب سے نوازا گیا ؟

(A) الطاف حسین حالیؔ (B) نظیر اکبر آبادی

(C) علامہ اقبالؔ (D) مخدوم محی الدین

جواب:

21- محمد اسماعیلؔ میرٹھی کا مقامِ پیدائش بتائیے :

(A) دہلی (B) علی گڑھ

(C) میرٹھ (D) آگرہ

جواب:

22- ذیل سے غیر متعلق لفظ علیحٰدہ کیجیے :

(A) حضرت عثمانؓ (B) حضرت علیؓ

(C) حضرت خیام (D) حضرت ابو بکرؓ

جواب:

23- 'موم کی طرح جلتے رہتے' ............... (مصرع مکمل کیجیے)

(A) عاشقوں کے دل (B) کاغذ کے پھول

(C) مفلسوں کے گھر (D) ہم شہیدوں کے تن

جواب:

24- اردو کا پہلا صاحبِ دیوانِ شاعر کون ہیں ؟

(A) میر تقی میر (B) محمد قلی قطب شاہ

(C) مرزا غالبؔ (D) جاں نثار اختر

جواب:

25- اُس شاعر کی نشاندہی کیجیے جس کے کلام میں معنی آفرینی اور ظرافت پائی جاتی ہے ؟

(A) مرزا غالبؔ (B) علامہ اقبالؔ

(C) محمود ایازؔ (D) ابراھیم ذوقؔ

جواب:

26- شاعر جاں نثار اخترؔ کی 'منزل کا چراغ' سے کیا مراد ہے ؟

(A) شاعر کی ماں (B) شاعر کی بہن

(C) شاعر کی بیوی صفیہ (D) شاعر کی بیٹی

جواب:

27- شاعر فیض احمد فیضؔ ________ کے مدیر رہے ۔

(A) پاکستان ٹائمز اور امروز (B) ٹائمز آف انڈیا

(C) روز نامہ سالار (D) روز نامہ سیاست

جواب:

28۔ لفظ 'واقف' کی ضد بتائیے:

(A) بے واقف (B) نادان

(C) ناواقف (D) فانی

جواب:_______________

29- رباعی، لفظ ربع سے مشتق ہے جس کے معنی

(A) دو کے ہیں (B) تین کے ہیں

(C) چار کے ہیں (D) شاعری کرنے کے ہیں

جواب:_______________

30- 'دولت کا نہ ہونا بھی' ................ (مصرعہ مکمل کیجئے):

(A) اچھی بات ہے (B) بڑی دولت ہے

(C) بدقسمتی ہے (D) معیوب بات ہے

جواب:_______________

31- لفظ "بیگ" کی جنس بدلنے سے کونسا لفظ بنتا ہے؟

(A) بیگن (B) بیگم

(C) بلگام (D) بیگان

جواب:_______________

32- صورت کے لحاظ سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) تین (B) چار

(C) دو (D) پانچ

جواب:_______________

33- وہ جملہ بتائیے جو دو یا دو سے زائد مفرد جملوں سے بنا ہو:

(A) مفرد جملہ (B) اصل جملہ

(C) واحد جملہ (D) مرکب جملہ

جواب:_______________

34- "فیصل ذہین ہے"۔ قواعد کے اعتبار سے یہ کونسا جملہ ہے؟

(A) جملہ فعلیہ (B) جملہ اسمیہ

(C) جملہ اصلیہ (D) جملہ انشائیہ

جواب:_______________

35- لفظ 'جذبہ' کی جمع کیا ہے؟

(A) جذبات (B) جذبیہ

(C) جذباتیات (D) اجذاب

جواب:_______________

36- تدوینِ احادیث کا مطلب بتائیے :

(A) احادیث بنانا (B) احادیث مرتب کرنا

(C) احادیث یاد کرنا (D) حدیث کا درس دینا

جواب:

37- ٹس سے مس نہ ہونا کے معنی بتائیے :

(A) انتہائی کوشش کرنا (B) اپنی بات پر اڑے رہنا

(C) محنت کرنا (D) نرم پڑ جانا

جواب:

38- "بادشاہ" کی جنس بدلنے سے کونسا لفظ بنتا ہے ؟

(A) بادشاہت (B) ملکہ

(C) بادشاہی (D) ملوکی

جواب:

39- غزل کا سب سے اچھا شعر کیا کہلاتا ہے ؟

(A) بیت الشعر (B) بیت الاجر

(C) بیت الغزل (D) بیت الشاعر

جواب:

40- جس نظم میں مرنے والے کی خوبیوں کا ذکر ہو، اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) مرثیہ (B) قطعہ

(C) قصیدہ (D) مثنوی

جواب:

41- بحروں کی کل تعداد بتائیے :

(A) 18 (B) 16

(C) 19 (D) 20

جواب:

42- انجام کی ضد بتائیے :

(A) انتہا (B) عروج

(C) رات (D) آغاز

جواب:

43- غزل کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

(A) عورتوں کا خیال کرنا (B) عورتوں سے باتیں کرنا

(C) شعر و شاعری کرنا (D) علم و ہنر سیکھنا

جواب:

44 - غیر مترادف لفظ کونسا ہے ؟

(A) عرض (B) ارض (C) دھرتی (D) زمین

جواب : ________________

45 - شعر کے الفاظ کو ارکان کے مطابق کاٹنے کا عمل کیا کہلاتا ہے ؟

(A) تسبیح (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) تقطیع

جواب : ________________

46 - لفظ 'حق' کی جمع بتائیے :

(A) حقیقت (B) حقائق (C) حقوق (D) احقاق

جواب : ________________

47 - ارکان تشبیہ کتنے ہیں ؟

(A) دو (B) پانچ (C) تین (D) دس

جواب : ________________

48 - مضمون کا پہلا حصہ کیا ہے ؟

(A) توحید (B) تمہید (C) خاتمہ (D) نفسِ مضمون

جواب : ________________

49 - محاورہ ' تو تو میں میں ہونا ' کے معنی کیا ہیں ؟

(A) جھگڑا ہونا (B) تھوک کر بات کرنا

(C) تو تو کرتے رہنا (D) ایڑی چوٹی ایک کرنا

جواب : ________________

50 - درج ذیل کے کس شعر میں صنعت تضاد استعمال کی گئی ہے ؟

(A) ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

(B) تری آنکھوں نے خدا جانے کیا کیا جادو
کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی

(C) پیا باج پیالا پیا جائے نا
پیا باج اک تل جیا جائے نا

(D) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

جواب : ________________

________________

**PART – B**

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے :

18 x 2 = 36

51- حضورؐ کی مہمان نوازی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

52- ڈاکٹر کلام نے امریکہ جانے سے پہلے کیا کیا ؟

53- قطب جنوبی میں رات اور دن کا سوال ہی نہیں اُٹھتا۔ کیوں ؟

54- مقبول میاں کو دلاور علی کس لئے ڈانٹ رہا تھا ؟

55- مفرد کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

56- حمد میں شاعر نے اللہ کی کن کن صفات کا ذکر کیا ہے ؟

57- نظم ' بدلہ ' کے ذریعہ شاعر نے ہمیں کیا نصیحت کی ہے ؟

58- " برکھارُت " نظم میں شاعر نے کن پرندوں کا ذکر کیا ہے ؟

59- آزاد نظم اور پابند نظم میں کیا فرق ہے ؟ وضاحت کیجیے۔

60- نعت کس نظم کو کہا جاتا ہے ؟

61- ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

مذکورہ بالا شعر کا مطلب لکھئے :

62- درجِ ذیل شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے :

تری آنکھوں نے خدا جانے کیا کیا جادو
کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی

درجِ ذیل کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے :

63- جان پدر ، بدر کے یتیم اور صفہ کے مسافر تم سے زیادہ مستحق ہیں۔"

64- نہیں ! جب تک میں اُسے کھری کھری نہ سناؤں چین نہیں آئیگا۔

65- " ہائے اللہ ! کیا کروں ، کیا نہ کروں "

66- آپ میں سے کوئی صاحب چاہے تو اپنی جگہ بیچ دیں ۔

ذیل کے کسی دو کا مختصر تعارف لکھئے ۔

(i) علامہ اقبال (ii) احمد جمال پاشاہ (iii) نظیر اکبر آبادی

67-

68-

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 3×3=9

69- ڈاکٹر کلام کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

70- شاعر جاں نثار اختر نے اپنی شریکِ حیات کو کن القاب سے یاد کیا ہے ؟

71- " نیکی اور بدی کا بدلہ " شاعر نے کن مثالوں سے سمجھایا ہے ؟

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات مطلوب ہیں : $4 \times 4 = 16$

72- حضورؐ کے اخلاقِ حسنہ پر اظہار خیال کیجئے ۔

73- کمپیوٹر کے فوائد پر مختصر نوٹ لکھئے۔

74- ذیل کی کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے:

(i) چاند تاروں کا بن (ii) صدیق رضا

75- 'حمد' نظم کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔

76- اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی فیس -/300 روپئے طلب کی گئی ہو۔ 1×5=5

77- ذیل کے کسی ایک عنوان پر مختصر مگر جامع مضمون لکھئے : 1×5=5

(i) میرا پسندیدہ کھیل (ii) ٹیلی ویژن کے فائدے اور نقصانات

78- ذیل میں دی گئی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس کے نیچے دئیے گئے سوالوں کے جوابات لکھئے : $4 \times 1 = 4$

"حضرت محمدؐ سب پیغمبروں کے سردار ہیں۔ آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے شمعِ ہدایت بنا کر بھیجا ہے۔ کسی پیغمبر کا نام منہ سے نکالیں تو علیہ السلام کہنا چاہیئے۔ کئی پیغمبروں کو خدا نے آسمانی کتابیں دی ہیں۔ ان میں حضرت عیسیٰؑ کو انجیل عطا کی ہے۔ جو لوگ انبیاؑ کی بات نہیں مانتے خدا ان سے ناراض ہوتا ہے۔ ہمیں بھی حضورؐ کی باتوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔"

سوالات : i) آپؐ کو اللہ نے کیا بنا کر بھیجا ہے ؟

ii) کسی پیغمبر کا نام منہ سے نکالیں تو کیا کہنا چاہیئے ؟

iii) حضرت عیسیٰؑ کو خدا نے کونسی کتاب عطا کی ہے ؟

iv) خدا بندوں سے کب ناراض ہوتا ہے ؟